رسولوں کا عقیدہ

(تیسری اور چوتھی صدی عیسوی)

میں ایمان رکھتا ہوں خدا قادر مطلق باپ پر جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا۔ اور اس کے اکلوتے بیٹے ہمارے خداوند یسوع مسیح پر جو روح القدس کی قدرت سے پیٹ میں پڑا، کنواری مریم سے پیدا ہوا، پنطس پیلاطس کے عہد میں دکھ اٹھایا، مصلوب ہوا، مر گیا اور دفن ہوا، تیسرے دن مردوں میں سے جی اٹھا۔ آسمان پر چڑھ گیا اور خدا قادر مطلق باپ کی دہنی طرف بیٹھا ہے جہاں سے وہ زندوں اور مردوں کی عدالت کرنے کو آئے گا۔

میں ایمان رکھتا ہوں روح القدس پر، پاک عالم گیر کلیسیا پر، مقدسوں کی رفاقت، گناہوں کی معافی، جسم کے جی اٹھنے اور ہمیشہ کی زندگی پر۔ آمین۔

اس میں ”عالم ارواح/برزخ میں اترا“ کے الفاظ شامل نہیں کیئے گئے کیونکہ رسولوں کے عقیدے کے ابتدائی نسخوں سے اس کی تصدیق نہیں ہوتی۔